Darul Iftaa
Madrasah Ariful Uloom
ST-11, Metrovil-3, Block 1, Scheme 33 Gulshan e Iqbal Karachi
Phone No: 021-34643221 0333-6444659
www.arifululoom.com Email:arifululoom1990@yahoo.com
www.facebook.com/madarsarifuloom

دارالافتاء
مدرسہ عارف العلوم
ایس ٹی-۱۱ میٹروول-۳ بلاک ۱، اسکیم ۳۳ گلشن اقبال کراچی

سوال: ایک خاندان علی الاعلان پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا، اور شوشل میڈیا پر انفرادی واجتماعی، تحریری وزبانی یہ اعلان کرتے ہیں کہ ہم حضرت محمد مصطفی ﷺ پر جو حضرت عبد اللہ کے گھر مکہ مکرمہ میں حضرت بی بی آمنہ کے بطن سے پیدا ہوئے ،مکہ مکرمہ میں 13 سال اور مدینہ منورہ میں 10 سال نبوت کی زندگی گذاری، جو حضرت خدیجۃ الکبریٰ، حضرت عائشہ اور دیگر ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے شوہر ہیں کو آخری نبی مانتے ہیں، آپ ﷺ کی زندگی میں یا آپ ﷺ کی رحلت کے بعد جو بھی جس نام سے نبوت کا دعویٰ کرچکا ہے، اس کو کاذب، دجال، کافر اور مرتد مانتے ہیں، قادیانی، احمدی اور لاہوریوں کو دائرہ اسلام سے خارج، مرتد اور دجال سمجھتے ہیں۔

مگر اس کے باوجود بھی بعض لوگ اس خاندان کو قادیانی کہتے ہیں، یہ خاندان ایک شہر میں آباد ہے اور تقریبا50 سال کا عرصہ اس شہر ہی میں گذار چکے ہیں، کسی ایک فرد کو بھی انہوں نے اس قسم کی کوئی دعوت نہیں دی، ختم نبوت کے لئے ہر وقت جان ومال سے تیار ہیں، سید خاندان سے تعلق رکھتے ہیں، سلسلہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے، پیری فقیری کی زندگی گذارتے ہیں، اہل سنت والجماعت مسلک حنفی کے پیروکار ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ ان کو قادیانی کہنا قرآن وسنہ کی روشنی میں کیا صحیح ہے؟ اگر نہیں تو جو لوگ ان کو قادیانی کہتے ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے؟

سائل: سید محمود الحسن عرف آصف باچہ ولد ضیاء الحسن باچہ جی

پتہ: سلطان ٹاون یونیورسٹی روڈ مردان 03217973393 / 03009175623

الجواب حامداو مصلیاو مسلما

اگر کوئی شخص دین اسلام کے تمام عقائد بشمول عقیدہ ختم نبوت کا زبان سے اقرار اور دل سے تصدیق کرتا ہے، اور دین اسلام کے کسی بھی عقیدہ کے نہ ماننے والوں کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہے۔ مثلا قادیانیوں، لاہوریوں کو کافر، مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہے، تو ایسا شخص مسلمان ہے اس کو بلا کسی دلیل کے کافر یا قادیانی کہنا شرعا جائز نہیں ہے۔

صورت مسؤلہ میں اگر مذکورہ خاندان واقعی دین اسلام کے تمام عقائد بشمول عقیدہ ختم نبوت کو اس کے صحیح معانی ومفہوم کے ساتھ دل وزبان سے تصدیق کرتا ہے اور عقیدہ ختم نبوت کے نہ ماننے والے قادیانیوں، لاہوریوں کو کافر سمجھتا ہے، تو اس خاندان کو بلا کسی دلیل کافر یا قادیانی کہنا درست نہیں ہے، تاہم یقینی اور حتمی طور پر اس مذکورہ خاندان کے حالات کے بارے

دارالافتاء
مدرسہ عارف العلوم (ٹرسٹ)
ایس ٹی ۱۱، میٹروول ۳، اسکیم ۳۳
گلشن اقبال، کراچی

میں وہاں کے مقامی علماء کرام اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مقامی ذمہ داران حضرات سے رجوع کر کے ان کے بارے میں تصدیق کی جائے۔

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب

دارالافتاء مدرسہ عارف العلوم کراچی

6 ستمبر 2023/19 صفر المظفر 1445ھ

فتویٰ نمبر:319

دارالافتاء
مدرسہ عارف العلوم (ٹرسٹ)
ایس بی ۱۱، میٹروول ۳، اسکیم ۳۳
گلشن اقبال، کراچی